کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے پاکستان میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے سرکاری ملازمین کے لیے کنٹری بیوشن پنشن اسکیمیں متعارف کرنے سے متعلق حکومتِ بلوچستان کے لیے سات پنشن فنڈز کی منظوری دے دی ہے۔ صوبائی حکومت کے پنشن فنڈز متعارف ہونے سے اب بلوچستان حکومت باقاعدہ طور پر نئے کنٹری بیوشن پنشن سسٹم پر منتقل ہو گئی ہے، ایس ای سی پی کے مطابق اس سے پہلے پنجاب اور خیبر پختونخوا کی حکومتیں کنٹری بیوشن پنشن اسکیمیں متعارف کر چکی ہیں۔ وفاقی حکومت اور سندھ میں ......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

پنشن فنڈز کے ڈھانچے کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ایس ای سی پی پاکستان میں سرکاری ملازمین کے روایتی ڈیفائنڈ بینیفٹ پنشن سسٹم کو نئے کنٹری بیوشن پنشن فریم ورک کی جانب منتقل کرنے میں حکومت کو اہم معاونت فراہم کر رہا ہے۔ نئے پنشن سسٹم سے وفاقی ور صوبائی حکومتوں کے طویل المدتی پنشن واجبات میں نمایاں کمی واقع ہوگی اور مالیاتی استحکام بہتر ہوگا بلوچستان کے لیے منظور کیے گئے سات پنشن فنڈز، بلوچستان کنٹری بیوشن پنشن اسکیم رولز 2025 کے تحت قائم کیے گئے ہیں، جن کا انتظام پانچ لائسنس یافتہ پنشن فنڈ مینیجرز کریں گے ایس ای سی پی نے ان فنڈز کے آفرنگ ڈاکیومنٹس کی بھی منظوری دے دی ہے۔ پاکستان میں وفاقی اور تمام صوبائی حکومتوں نے کنٹری بیوشن پنشن فریم ورک متعارف کروانے کے لیے درکار قانونی فریم ورک متعارف کروا چکی ہیں پاکستان میں پرانے ڈیفائنڈ بینیفٹ نظام کے تحت کسی بھی ملازم کی پنشن، اس کے آخری تنخواہ اور ملازمت کے سالوں کی بنیاد پر طے کی جاتی تھی، جبکہ اس کی مکمل مالی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی تھی۔

## مستونگ، پکنک منانے اور عوامی اجتماعات پر پابندی عائد

انتظامیہ کی جانب سے یہ اقدام عوامی مفاد اور حفاظتی تدابیر کے طور پر اٹھایا گیا ہے

عوام ذمہ دار ہونے کا ثبوت دیں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

مستونگ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر مستونگ کے دفتر سے جاری کردہ ایک اہم عوامی نوٹس کے مطابق، ضلعی انتظامیہ نے امن و امان کی صورتحال اور شہریوں کے تحفظ کے پیشِ نظر مختلف علاقوں میں پکنک منانے اور عوامی اجتماعات پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ اس پابندی کا اطلاق بالخصوص مستونگ کے پہاڑی اور تفریحی مقامات بشمول آب گم، غلام سے پڑینز، آماچ اور ان کے گرد و نواح کے علاقوں پر ہوگا۔ انتظامیہ کی جانب سے یہ اقدام عوامی......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

مفاد اور حفاظتی تدابیر کے طور پر اٹھایا گیا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ نوٹس میں تمام شہریوں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ان مقامات پر جانے سے مکمل گریز کریں اور حکومتی احکامات کی پاسداری کو یقینی بنائیں۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ ان ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ افراد پر ہوگی۔ مستونگ کے شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

CS CamScanner

## بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کا 66 فیصد حصہ جاری، 44 فیصد خرچ ہو چکا

### رواں مالی سال کے دوران صوبے میں 223 ارب روپے سے زائد رقم ریلیز جبکہ 147 ارب روپے سے زائد خرچ کردی گئی

### یہ رقم رواں مالی سال کے پی ایس ڈی پی میں کل 6710 اسکیمات میں سے 3761 جاری اسکیمات کے لیے جاری کی گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے رواں مالی سال کے دوران ترقیاتی فنڈز کا 66 فیصد حصہ جاری کردیا جبکہ 44 فیصد خرچ کرلیا، صوبے میں اب تک 223 ارب روپے سے زائد رقم ریلیز جبکہ 147 ارب روپے سے زائد خرچ کردی گئی۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق بلوچستان حکومت نے مارچ کے دوسرے ہفتے تک مالی سال 2025-26 کے دوران ترقیاتی مد میں مختص کی گئی 337.8 ارب روپے سے زائد رقم میں سے 223.17 ارب سے زائد رقم ریلیز کردی ہے جبکہ اب تک 147.5 ارب روپے خرچ کیے جا چکے ہیں۔ دستاویزات ....... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کے مطابق بلوچستان میں رواں مالی سال کے پی ایس ڈی پی میں کل 6710 اسکیمات میں سے 3761 جاری اسکیمات (آن گوئنگ) کے لیے مختص 151.133 ارب روپے میں سے 128.9 ارب روپے ریلیز جبکہ 92.64 ارب روپے خرچ کیے گئے جو کہ مختص رقم کا 61 فیصد ہے۔ این این آئی کو موصول دستاویزات کے مطابق 2949 نئی اسکیمات کے لیے مختص 186.6 ارب روپے میں سے 94.25 ارب روپے ریلیز جبکہ 54.88 ارب روپے سے زائد رقم خرچ کی جاچکی ہے جو کہ مختص رقم کا 29 فیصد ہے۔ دستاویزات کے مطابق صوبائی حکومت نے اب تک مختص رقم کا 66 فیصد حصہ ریلیز جبکہ 44 فیصد حصہ استعمال کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ سال مارچ کے دوسرے ہفتے کی نسبت موجودہ سال میں حکومت نے 4 فیصد رقم زائد ریلیز کی ہے گزشتہ سال مارچ میں حکومت نے اس وقت تک 62 فیصد رقم ریلیز جبکہ 51 فیصد خرچ کی تھی۔

## ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل حل کرنے کیلیے مصروف عمل ہے، اے ڈی سی کوئٹہ

### شہریوں نے پانی، بجلی، صفائی ستھرائی، ریونیو، زمینوں کے ریکارڈ متعلق، شکایات پیش کیں

### محمد انور کاکڑ نے شہریوں سے براہ راست ملاقات کی اور ان کے مسائل کے حل کی ہدایات جاری کی

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے شہریوں سے براہ راست ملاقات کی اور ان کے مسائل تفصیل سے سنے۔ اس موقع پر مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افسران بھی موجود تھے تاکہ موقع پر ہی شکایات کا اندراج اور ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کیے جا سکیں۔ شہریوں نے پانی، بجلی، صفائی ستھرائی، ریونیو، زمینوں کے ریکارڈ، اور دیگر بلدیاتی مسائل کے حوالے سے اپنی شکایات پیش کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر شکایت پر بروقت اور مؤثر کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ تمام سرکاری محکمے عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں اور سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا اور ان کے مسائل کو براہ راست سن کر فوری حل نکالنا ہے۔ اس سلسلے کو باقاعدگی سے جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں کا ضلعی انتظامیہ پر اعتماد مزید مضبوط ہو۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 MAR 2026 Page No. 20


## 27مارچ کو بلوچستان سے ٹرین سروس معطل کرنے کا اعلان

**پشاور سے کوئٹہ آنیوالی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد میں روک کر واپس بھیجا جائیگا**

**کوئٹہ سے کراچی کیلئے بولان میل اور چمن کیلئے پسنجر ٹرین پہلے ہی معطل ہے، حکام**

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ریلویز نے 27مارچ کو بلوچستان میں ایک مرتبہ ٹرین سروس معطل کرنے کا اعلان کردیا، ٹرین سروس فنی وجوہات اور ٹریک مرمت کی وجہ سے معطل رہے گی۔ ریلوے حکام کے مطابق محکمہ ریلویز نے فنی وجوہات اور ٹریک مرمت کی وجہ سے 27مارچ کو بلوچستان میں ٹرین سروس معطل رہے گی، 27مارچ کو کوئٹہ سے پشاور کیلئے......... بقیہ 7صفحہ نمبر 7پر

جعفر ایکسپریس روانہ نہیں ہوگی جبکہ پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد میں روک کر واپس کیا جائے گا، ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے کراچی کیلئے بولان میل اور چمن کیلئے چمن پسنجر پہلے ہی معطل ہے۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ ٹرین کی نشست منسوخ کرانے والوں کو ٹکٹ کی رقم کی مکمل واپس کی جائے گی۔

## شکایات کے اندراج کیلئے نیب کی کھلی کچہری آج ہوگی

**چیئرمین کی ہدایات کے مطابق گم نام/فرضی شکایات پر کارروائی نہیں ہوگی**

**نیب میں شکایات بذریعہ ڈاک بذات خود تحریری نیب دفتر میں جمع کرائیں**

کوئٹہ (آن لائن) صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں۔ اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 26 مارچ 2026 بوقت صبح 11:000 تا 01:00 بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ میں کیا .......... بقیہ 42صفحہ نمبر 7پر

جائے گا درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔ نام بمعہ ولدیت 2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ/ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا/دستخط 5۔ رابطہ نمبر موبائل/گھر/ای میل واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں اُن پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایات کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جاسکتی ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 2

Dated: 26 MAR 2026 Page No. 21


# گوادر پورٹ کو خطے کا ایک اہم تجارتی مرکز بنانے کیلئے بین الاقوامی شراکت داری ناگزیر ہے، بلال کاکڑ

## بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین کی مراکش کے سفیر محمد کرمون سے ملاقات، بحری روابط اور تجارتی تعاون پر تبادلہ خیال

## بلوچستان جغرافیائی لحاظ سے اہم خطہ ہے اور مراکش ان مواقع سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، مراکشی سفیر کا سرمایہ کاری میں اظہار دلچسپی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے مراکش کے سفیر محمد کرمون سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں پاکستان اور مراکش کے درمیان بحری روابط، تجارتی تعاون اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران گوادر پورٹ (پاکستان) اور ٹینجر میڈ پورٹ (مراکش) کے درمیان ممکنہ بحری و تجارتی رابطے کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ یہ دونوں بندرگاہیں اپنے اپنے خطوں میں اسٹریٹجک حیثیت کی حامل ہیں اور ایشیا، یورپ اور افریقہ کے درمیان تجارت کے لیے کلیدی کردار ادا کر سکتی ہیں۔ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ گوادر پورٹ کو خطے کا ایک اہم تجارتی مرکز بنانے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مراکش کے ساتھ تعاون سے نہ صرف دوطرفہ تجارت میں اضافہ ہوگا بلکہ وسط ایشیائی ممالک کے لیے بھی یورپی اور افریقی منڈیوں تک رسائی آسان ہو جائے گی۔ انہوں نے مراکش کے سفیر کو بلوچستان میں موجود سرمایہ کاری کے بے شمار مواقع سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان جغرافیائی لحاظ سے اہم خطہ ہے اور مراکش ان مواقع سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ مراکش کے سفیر محمد کرمون نے اس موقع پر پاکستان کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے ٹینجر میڈ پورٹ کی عالمی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ بندرگاہ یورپ اور افریقہ کے درمیان ایک اہم تجارتی گیٹ وے کے طور پر کام کر رہی ہے اور گوادر پورٹ کے ساتھ اس کا رابطہ ایک نئی اقتصادی راہداری کی بنیاد رکھ سکتا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 MAR 2023 Page No. 22


# بلوچستان میں طوفانی بارشیں جاری، چھتیں گرنے سے ایک جاں بحق، 2 زخمی

**نشیبی علاقے زیر آب، خاران، تربت، کیچ، نوشکی، پنجگور کے ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہوگیا**

**کوہلو میں ژالہ باری و تیز بارش سے چھتیں گر گئیں، ایک زخمی چل بسا، ہرنائی میں کائنات نامی بچی زخمی ہوگئی**

**زیارت، چمن، ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان، سبی، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین میں بھی تیز بارش کا امکان**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارشوں کا نیا سلسلہ شروع ہوگیا، مکانات کی چھتیں گرنے سے بچی سمیت دو افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ کوئٹہ، خاران، واشک، خضدار، کیچ، تربت، پنجگور، آواران، چاغی، نوشکی، زیارت، چمن، ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان، سبی، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین، ہرنائی، قلات، مستونگ، گوادر، جیوانی، پسنی اور اورماڑہ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

جاری رہا اس دوران۔ اس دوران چند مقامات پر موسلا دھار بارش ژالہ باری کے ساتھ ساتھ خاران، تربت، کیچ، نوشکی، پنجگور اور گرد ونواح کے مقامی ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہوگیا۔ بارشوں اور ژالہ باری کے باعث متعدد علاقوں میں مکانات کی چھتیں گرنے سے کوہلو میں ایک شخص زخمی جبکہ ہرنائی میں کائنات نامی بچی زخمی ہوگئی۔ واقعات کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو حکام جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا جبکہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے متاثرہ خاندانوں میں راشن بھی تقسیم کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ آج جمعرات کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ کوئٹہ، زیارت، چمن، ژوب، موسیٰ خیل، بارکھان، سبی، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، پشین، ہرنائی، قلات، مستونگ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ صوبے کے شمالی اضلاع میں درمیانی سے تیز بارش بھی ہوسکتی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 26 MAR 2026 Page No. 23


## ضمنی انتخابات میں حمایت پر جمعیت کا BNP سے اظہار تشکر

[illegible]

قلات (پریس ریلیز) جمعیت علماء اسلام ضلع قلات کے ضلعی امیر اور تحصیل امیدواران ضلعی [illegible] پی بی 256 [illegible] مولانا [illegible] کی قیادت میں [illegible] سردار اختر مینگل [illegible] دیگر پارٹی قیادت [illegible] جمعیت کے [illegible] سردار اختر جان مینگل اور پارٹی قیادت اور عہدیداران کے [illegible] جمعیت کے مکمل حمایت کرنے پر شکریہ ادا کیا [illegible] ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پورے انتخابی عمل کیلئے [illegible] پروگرام میں [illegible] کے علاوہ پارٹی عہدیداران اور کارکنان کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی [illegible] انتخابی مہم کو کامیابی کی منزل تک پہنچانے کا عزم [illegible] پروگرام کا آغاز حافظ حسین احمد کی تلاوت سے شروع کی گئی [illegible] تحصیل جنرل سیکرٹری مولانا [illegible] بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل [illegible] مرکزی [illegible] پی بی 256 [illegible] جنرل سیکرٹری مولانا [illegible] تحصیل امیر [illegible] گے۔

## جبری گمشدگیاں کہیں بھی قابل قبول نہیں، بلوچستان بار کونسل

بار چیئرمین آصف ہاروتی ایڈووکیٹ کی جبری گمشدگی کی مذمت کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل چیئرمین آصف ہاروتی ایڈووکیٹ کی جبری گمشدگی کی شدید مذمت کرتی ہے یہ عمل نہ صرف بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ آئین، قانون کی حکمرانی اور شہری آزادیوں کے منافی بھی ہے جبری گمشدگیاں کسی مہذب معاشرے میں ہرگز قابل قبول نہیں بلوچستان بار کونسل گزشتہ ماہ [illegible] ایڈووکیٹ کے [illegible] میں ماورائے عدالت قتل اور اس پر کوئی ایکشن نہ لینے پر تشویش کا اظہار کرتی ہے ایک وکیل ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کا اس طرح قتل نہایت افسوسناک ہے اور یہ صوبے بھر میں وکلا کے تحفظ اور آزادی کے حوالے سے سنجیدہ سوالات کو جنم دیتا ہے بلوچستان بار کونسل واضح کرتی ہے کہ ایسے تمام اقدامات چاہے جبری گمشدگیاں ہوں یا ماورائے عدالت قتل ناقابل قبول ہیں ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق شفاف اور فوری کارروائی عمل میں لائی جائے ان سنگین حالات کے پیش نظر بلوچستان بار کونسل صوبے بھر کی تمام بار ایسوسی ایشنز کی ایک مشترکہ کانفرنس ماہ اپریل میں بلانے کا اعلان کرتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated 26 MAR 2026 Page No. 25


## حکمران طبقہ حکومتی سطح پر قناعت اور سادگی کو فروغ دے، مولانا ہدایت الرحمٰن

مفت پٹرول، بجلی، گیس و دیگر مراعات کا خاتمہ کیا جائے، پرتعیش گاڑیوں کے بجائے 1300 سی سی تک کی گاڑیاں استعمال کی جائیں

ہر مشکل وقت میں صرف عوام کو قربانی کا بکرا بنانا اور ٹیکسوں و مہنگائی میں مسلسل اضافہ کرنا ظالمانہ روایت بن چکی ہے، صوبائی امیر

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ حکمران طبقہ حکومتی سطح پر قناعت اور سادگی کو فروغ دے، اور مفت پٹرول، بجلی، گیس سمیت دیگر غیر ضروری مراعات کا خاتمہ کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری سطح پر وزراء، بیوروکریسی اور اعلیٰ افسران کو بڑی اور پرتعیش گاڑیوں کے بجائے 1300 سی سی تک کی سادہ گاڑیاں فراہم کی جائیں تاکہ قومی وسائل کا ضیاع روکا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہر مشکل وقت میں صرف عوام کو قربانی کا بکرا بنانا اور ٹیکسوں و مہنگائی میں مسلسل اضافہ........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کرنا ایک ظالمانہ روایت بن چکی ہے، جسے فوری طور پر ختم ہونا چاہیے۔ آج عوام غربت اور نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں جبکہ سرکاری سطح پر شاہ خرچیاں اور مفت خوری عروج پر ہے، جو ناقابل برداشت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی اور گوادر میں مختلف تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل، خصوصاً پانی، روزگار، تعلیم اور صحت کی سہولیات کی عدم دستیابی، حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے زور دیا کہ حکومت فوری طور پر عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرے، غیر ضروری اخراجات میں کمی لائے اور وسائل کو عوامی فلاح و بہبود پر خرچ کرے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ہر سطح پر عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی اور ظلم و ناانصافی کے خلاف آواز بلند کرتی رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکمران طبقہ خود سادگی اختیار کرے تو نہ صرف قومی خزانے پر بوجھ کم ہوگا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 26 MAR 2026 Page No. 26

# کوئٹہ میں بیٹے نے باپ کو قتل کردیا، اوستہ محمد و پنجگور میں خاتون سمیت 3 جاں بحق

خلجی کالونی میں ایوب نے والد حاجی طور، اوستہ محمد میں ملزم چاکر خان نے اپنی بہو عابدہ کو الزام لگا کر قتل کیا

اوستہ محمد میں مسلح افراد نے پرانی دشمنی کی بنا پر ایک نوجوان قتل کردیا، پنجگور میں فائرنگ سے غلام اللہ جاں بحق

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (نیوز ایجنسیاں، نمائندے) کوئٹہ کے علاقے تھانہ خالق شہید کے ایریا میں نوجوان نے معمولی تکرار پر اپنے والد کو قتل کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے خلجی کالونی میں نوجوان ایوب نے فائرنگ کرکے اپنے والد حاجی طور کو قتل کردیا اور فرار ہوگیا۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزم کی تلاش شروع کردی۔ پرانی دشمنی کی بنا پر ایک نوجوان قتل ملزم فرار تفصیلات کے مطابق سٹی .......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس تھانہ میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ساکھ خان بلیدی کو قتل کردیا جنہیں فوری طور پر سیول ہسپتال لایا گیا واقع کی وجہ پرانی دشمنی بتائی جارہی ہے جبکہ حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے پوسٹ مارٹم کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کیا گیا جوں نعش گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا۔ سیاہ کاری کے الزام میں خاتون قتل ملزم فرار تفصیلات کے مطابق تھانہ باریجہ جھل مگسی گوٹھ لونگانی مگسی میں ملزم چاکر خان نے اپنی بہو کو سیاہ کاری کے الزام مسماۃ عابدہ کو فائرنگ کرکے قتل کردیا جبکہ اس کا مبینہ آشنا اور قتل کرنیوالا ملزم بھی فرار۔ لاش گھر پہنچی تو کہرام مچ گیا مذید کارروائی پولیس کررہی ہے۔ پنجگور سرحدی تحصیل پروم میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق پنجگور کے سرحدی تحصیل پروم عبداللہ بازار میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے غلام اللہ نامی شخص جاں بحق ہوگیا جبکہ شاہد نامی شخص شدید زخمی ہوگیا۔

## نوشکی: فائرنگ سے نوجوان زخمی

نوشکی (آن لائن) نوشکی کلی جمالدینی میں گن شارٹ کا واقعہ، خودکشی کا معاملہ یا کوئی اور وجہ، شارٹ گن کے فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز مغرب کے ٹائم کلی جمالدینی میں شارٹ گن کے فائرنگ سے نوجوان محمد آصف ولد محمد آمین قوم خیشکی۔ ساکن جمالدینی شدید زخمی ہوا جن کو میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کردیا گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق شارٹ گن کا فائر چہرے پر لگا ہے جس سے چہرہ بری طرح متاثر ہوا ہے۔ جنہیں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کردیا گیا۔

## اوستہ محمد: مختلف مقدمات میں پانچ روپوش واشتہاری ملزمان گرفتار

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کامیاب کاروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد گنداخہ اور سی آئی اے پولیس کی بڑی کارروائیاں مختلف مقدمات میں پانچ روپوش واشتہاری ملزمان سمیت ڈکیتی کی ملزم گرفتار عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد، محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ گنداخہ حاجی خان لاشاری اور ایس ایچ او پولیس تھانہ باغ ہیڈ مقبول حسین جمالی نے مشترکہ کارروائی.......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کرتے ہوئے ملزمان کے ٹھکانوں پر ریڈ کرکے ڈکیتی کے مقدمہ میں نامزد ملزمان طارق علی ولد رسول بخش قوم جتوئی ساکن سیرواہ گنداخہ اصغر علی ولد نصیر قوم مگسی ساکن شہداد کوٹ سندھ کو گرفتار کرلیا جبکہ انچارج سی آئی اے اسٹاف اوستہ محمد حضور بخش جمالی نے دوران گشت روپوش ملزمان غلام نبی اور قیصر خان پسران عالم خان قوم جویہ ساکنان شہید مراد کالونی اوستہ محمد کو گرفتار کرلیا جب کہ استہ محمد سٹی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے روپوش ملزم طارق ولد حاکم جمالی کو گرفتار کرلیا مزید کاروائی مقامی پولیس کررہی ہے اوستہ محمد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کاروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی مزید کاروائی مقامی پولیس کررہی ہے ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد جرائم پیشہ عناصر اور روپوش و نامزد ملزمان کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

## کوئٹہ: کوہ چلتن سے نامعلوم شخص کی پرانی نعش برآمد

دالبندین: چار سالہ بچی پانی کے ڈرم میں گر کر جاں بحق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے چلتن کے پہاڑ سے نامعلوم شخص کی پرانی نعش برآمد ہوگئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چلتن کے علاقے میں پکنک منانے کے لئے جانے والوں کو ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کی اطلاع انتظامیہ کو دی گئی نعش ہسپتال منتقل کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔ دالبندین کے علاقے میں چار سالہ بچی پانی کے ڈرم میں گر کر جاں بحق ہوگئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دالبندین کے علاقے کلی ملک رسول بخش.......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سالانی میں رہائش پذیر فضل نامی شخص کی چار سالہ بچی پانی کے ڈرم میں گر کر ہلاک ہوگئی۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 26 MAR 2026 Page No. 27


## سکولوں کی چھٹیوں کے اثرات نقصان دہ ہوں گے، عوامی وسماجی حلقے

**تعلیمی ادارے مسلسل بند رہنے سے طلبہ کی ذہنی صحت اور مستقبل خطرے میں پڑ جاتا ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے عوامی وسماجی حلقوں نے تعلیمی اداروں کی بندش کے حوالے سے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کے بحران میں سکولوں کی چھٹیوں سے وقتی طور پر تو فائدہ ہو سکتا ہے مگر اس کے اثرات طویل المدتی اور نقصان دہ ہوں گے، تعلیمی ادارے مسلسل بند رہیں تو نہ صرف طلبہ کی تعلیمی کارکردگی متاثر ہوتی ہے بلکہ ان کی ذہنی صحت اور مستقبل بھی خطرے میں پڑ جاتا ہے ان کا کہنا ہے کہ یہ حقیقت ہے کہ ملک کو اس وقت پٹرولیم مصنوعات کے بحران کا سامنا ہے مگر کیا اس کا حل صرف تعلیم کو روک دینا ہے کیا پٹرول بچانے کے لیے بچوں کا مستقبل قربان کر دیا جائے۔ انہوں نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں کی مکمل بندش کے بجائے ہائبرڈ تعلیمی نظام اپنایا جائے، ہفتے میں چار دن سکول اور تین دن گھر سے تعلیم کا نظام متعارف کروایا جائے، یہ طریقہ نہ صرف پٹرولیم مصنوعات کی بچت کرے گا بلکہ طلبہ کا تعلیمی تسلسل بھی برقرار رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے اپیل ہے کہ وہ اس معاملے کو سنجیدگی سے دیکھے اور ایسا حل نکالے جو بچوں کی تعلیم کو متاثر کیے بغیر بحران کا مقابلہ کر سکے۔ اگر ہم نے آج تعلیم کو نظر انداز کیا تو کل ہمیں اس کی بہت بڑی قیمت چکانا پڑے گی جس کا ازالہ ناممکن ہوگا۔

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور، خطے کی صورتحال' سرحدی علاقے متاثر' اشیاء ضروریہ کی قلت

**ایرانی ایل پی جی غائب، پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ، پنجگور کے شہریوں کا حکومت سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

پنجگور (این این آئی) ایران اسرائیل امریکہ جنگ نے جہاں پورے خطے کو متاثر کیا وہاں ایرانی سرحد سے متصل علاقے شدید معاشی تباہ حالی سے گزر رہے ہیں پنجگور جو ایران سرحد کے ساتھ واقع ہے، پٹرولیم مصنوعات سے لیکر خوردنی اشیاء تک ایران سے آتی ہیں، عید کے بعد مارکیٹ سے ایرانی ایل پی جی غائب ہوگئی، شہریوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ گیس کی شارٹیج کے پیچھے ذخیرہ اندوزوں کا ہاتھ ہوسکتا ہے جو مصنوعی قیمتوں کو مزید بڑھاتا ہے اسی طرح پنجگور میں پٹرول اور ڈیزل کی ترسیل جاری

بقیہ نمبر 18 صفحہ 5 پر

ہونے کے باوجود قیمتوں میں اضافہ ہوگیا جس سے شہریوں کی معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے، پنجگور میں اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ اور گیس کی مصنوعی قلت نے شہریوں کی تشویش بڑھا دی ہے انہوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ وہ قیمتوں میں توازن برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کریں۔

Century Express Quetta

## نجی تعلیمی اداروں میں فیس وصولی سے والدین پریشان

**حکومت نے سرکاری اخراجات کم کیے، فیسوں میں بھی کمی کروائی جائے**

**حکام بالا نوٹس لے کر نجی تعلیمی اداروں کیلئے واضح پالیسی مرتب کریں، شہری**

کوئٹہ (سردار حمید سے) ملک میں جاری معاشی دباؤ، بڑھتی مہنگائی اور مشرق وسطی میں کشیدہ صورتحال کے اثرات کے باعث پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اور غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جس کے نتیجے میں مہنگائی کی لہر نے ہر شعبہ زندگی کو متاثر کر دیا ہے۔ اسی معاشی دباؤ کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت نے احتیاطی اقدامات (باقی صفحہ 5 نمبر 28)

کے طور پر تعلیمی اداروں کو 31 مارچ تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا، تاہم اس کے باوجود نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے طلبہ سے مکمل فیسوں، داخلہ فیس اور ایڈوانس چارجز کی وصولی کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جس پر والدین میں شدید تشویش پائی جارہی ہے۔ والدین کا کہنا ہے کہ تعلیمی سرگرمیاں معطل ہونے کے باوجود اسکول انتظامیہ کسی قسم کا ریلیف دینے کو تیار نہیں اور معمول کے مطابق فیسوں کی مکمل وصولی جاری رکھے ہوئے ہے۔ والدین کا کہنا ہے کہ حکومت نے سرکاری سطح پر اخراجات کم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کیے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ عام عوام خصوصاً کم تنخواہ والے سرکاری ملازمین اور مزدور طبقے کے لیے بھی خصوصی ریلیف کا اعلان کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت نجی تعلیمی اداروں کو پابند کرے کہ موجودہ حالات کے پیش نظر کم از کم 50 فیصد فیس میں کمی کی جائے، تاکہ غریب اور متوسط طبقہ اپنے بچوں کی تعلیم جاری رکھ سکے کیونکہ موجودہ حالات میں گھریلو اخراجات پورے کرنا ہی ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے ایسے میں بچوں کی تعلیمی فیسیں ادا کرنا کسی سخت امتحان سے کم نہیں۔ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو خدشہ ہے کہ بہت سے خاندان اپنے بچوں کی تعلیم جاری رکھنے سے قاصر ہو جائیں گے جو مستقبل کیلئے ایک سنگین مسئلہ بن سکتا ہے۔ شہریوں اور والدین نے حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیں، نجی تعلیمی اداروں کے لیے واضح پالیسی مرتب کریں اور فیسوں میں خاطر خواہ کمی کو یقینی بنائیں، تاکہ موجودہ معاشی بحران کے دوران عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

MEEZAN QUETTA

26 MAR 2026

Daily:

Bullet No. 6

No. 22

# جنگلات خطے کی معاشی مضبوطی کے ضامن

اس بات سے کسی صورت انکار نہیں کیا جا سکتا ہے کہ جنگلات کی بہت بڑی اہمیت ہے یہ زندگی کا ایک اہم جزو ہے جو ہر سانس لینے والے کیلئے ضروری ہے کیونکہ یہ اس عمل میں اہم کردار ادا کرتا ہے اس لیے ان کی حفاظت کرنا انتہائی ناگزیر ہے ان کو کاٹنا ایک بہت بڑا جرم اور اس طرح ان کی حفاظت کرنا فرض ہے اس لے عوام کی ذمہداری ہے کہ وہ یہ فرائض ادا کریں اس کے ساتھ ساتھ انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو بھی اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جنگلات کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ جنگلات خطے کی معاشی مضبوطی اور ماحولیاتی توازن کے ضامن ہوتے ہیں بلوچستان کے تناظر میں ان کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے چیلنجز کے پیش نظر جنگلات کا تحفظ ناگزیر ہو چکا ہے کیونکہ جنگلات نہ صرف قیمتی قدرتی وسائل فراہم کرتے ہیں بلکہ زراعت اور مویشی پالنے جیسے بنیادی شعبوں کو تقویت دیتے ہوئے عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں حکومت بلوچستان جنگلات کے تحفظ کے حوالے سے جامع حکمت عملی کو تحت عملی اقدامات کر رہی ہے جن میں ساحلی جنگلات کی بحالی، کاربن کریڈٹ منصوبوں کا فروغ اور جنگلاتی اراضی کے موثر انتظام شامل ہیں تاکہ قدرتی وسائل کے تحفظ کو پائیدار معاشی مواقع میں تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبائی حکومت جنگلات کے فروغ، تحفظ اور دانشمندانہ استعمال کو یقینی بنانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی تاکہ آنے والی نسلوں کو ایک محفوظ، سرسبز اور پائیدار ماحول فراہم کیا جا سکے عوام الناس اور خصوصاً نوجوانوں کو شجرکاری مہمات میں بھرپور حصہ لینے اور جنگلات کے تحفظ کو اپنی قومی و سماجی ذمہ داری سمجھنا چاہیے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان کا مذکورہ پیغام قابل تعریف اور اہمیت کا حامل ہے۔ اس حوالے سے ہر سال شجرکاری مہم شروع کی جاتی ہے جس میں لاتعداد درخت لگانے کے دعوے کئے جاتے لیکن افسوس بات یہ ہے کہ یہ کام صرف خانہ پری کیلئے ہوتا ہے کیونکہ صرف اعلان کرنا کافی نہیں ہوتا بلکہ جب پودے لگائے جاتے ہیں تو اس کے بعد ان کی حفاظت اور ان پر خصوصی توجہ دینی ہوتی ہے جو نہیں دی جاتی جس کے باعث شجرکاری مہم کامیاب نہیں ہو سکتی۔

یہ ضروری ہے کہ شجرکاری مہم کے بعد لگائے گئے پودوں کی برابر طریقے سے حفاظت کرنی چاہئے کیونکہ اس کے بغیر کامیابی حاصل نہیں ہو سکے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 MAR 2026 Page No. 29

# Securing water

Balochistan, a province blessed with vast, arid landscapes, paradoxically faces a severe water crisis. This paradox is particularly acute in its agriculture sector, the backbone of the provincial economy. Despite its immense potential, the sector remains largely untapped, plagued by outdated irrigation techniques and a lack of government support. Agriculture, a lifeline for approximately 70% of Balochistan's population, continues to rely on traditional, water-intensive methods. Flood irrigation, a technique that wastes significant amounts of water, remains prevalent. This inefficiency is particularly concerning in a region where water scarcity is a perennial challenge. The government's apathy towards modernizing irrigation practices has further compounded the issue. The consequences of this neglect are far-reaching. Low agricultural yields, food insecurity, and rural poverty are some of the direct outcomes. To address this crisis, a comprehensive overhaul of water management practices is imperative. The government must prioritize investments in modern irrigation technologies, such as drip irrigation and sprinkler systems. These techniques can significantly reduce water consumption while boosting crop yields. Additionally, the construction of small dams and reservoirs can help capture and store rainwater, mitigating the impact of seasonal droughts. Furthermore, the government must empower farmers through training and capacity-building programs. Subsidies and incentives can also encourage farmers to invest in water-saving technologies. The development of Balochistan's agriculture sector is not merely an economic imperative but a social and environmental necessity. By investing in water management, the government can unlock the region's agricultural potential, alleviate poverty, and ensure food security for its people. It's time to turn the tide and transform Balochistan's parched landscapes into thriving agricultural hubs. It is imperative to revitalize this sector to unlock its potential and improve the socio-economic conditions of the province. The government of Balochistan, in collaboration with federal authorities, must prioritize the development of agriculture. By investing in modern irrigation techniques, such as drip irrigation and sprinkler systems, water scarcity can be mitigated and crop yields can be significantly increased. Additionally, the construction of dams and reservoirs can help store rainwater, ensuring a reliable water supply for agricultural purposes. Furthermore, the government should facilitate access to agricultural credit and subsidies. This will enable farmers to acquire modern machinery, quality seeds, and fertilizers, thereby boosting their productivity. Additionally, the establishment of agricultural markets and cold storage facilities can help farmers sell their produce at fair prices and reduce post-harvest losses.

CamScanner

## گرین بس سروس: تربت کے عوام کیلئے جدید اور باوقار سفری سہولت

**تحریر: چاکر بلوچ**

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جس کی ایک نمایاں مثال تربت میں گرین بس سروس کا آغاز ہے۔ یہ اقدام نہ صرف شہریوں کو جدید سفری سہولیات فراہم کرنے کی سنجیدہ کوششوں کا عکاس ہے بلکہ اس بات کا ثبوت بھی ہے کہ حکومت شہری مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔

تربت، جو ضلع کیچ کا مرکزی اور تیزی سے ترقی کرتا ہوا شہر ہے، گزشتہ چند برسوں کے دوران آبادی میں اضافے اور شہری پھیلاؤ کے باعث ٹرانسپورٹ کے سنگین مسائل سے دوچار رہا۔ شہریوں کو روزمرہ امور، تعلیم اور کاروباری سرگرمیوں کیلئے مناسب اور معیاری سفری سہولیات کی کمی کا سامنا تھا۔

ماضی میں تربت میں زیادہ تر پرانی اور غیر معیاری ٹرانسپورٹ استعمال ہو رہی تھی، جو نہ صرف غیر محفوظ تھی بلکہ وقت کی پابندی سے بھی عاری تھی۔ خواتین، بزرگوں اور طلبہ کو خاص طور پر سفر کے دوران مشکلات کا سامنا رہتا تھا، جس سے شہری زندگی متاثر ہو رہی تھی۔

گرین بس سروس کے آغاز نے ان دیرینہ مسائل کے حل میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ جدید، آرام دہ اور محفوظ بسوں کی فراہمی نے شہریوں کو ایک باعزت اور معیاری سفری سہولت فراہم کی ہے، جس سے روزمرہ زندگی میں نمایاں آسانی پیدا ہوئی ہے۔

ان بسوں میں ایئر کنڈیشنگ، کشادہ اور آرام دہ نشستیں، اور خواتین کیلئے مخصوص جگہ جیسی جدید سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جو ایک مہذب اور محفوظ سفری ماحول کو یقینی بناتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، سروس کی باقاعدگی اور وقت کی پابندی نے عوام کے اعتماد کو بھی مضبوط کیا ہے۔

گرین بس سروس کی بدولت شہر کے مختلف علاقوں کے درمیان رابطہ بہتر ہوا ہے، جس سے طلبہ، سرکاری ملازمین اور مزدور طبقے کو خاص فائدہ پہنچ رہا ہے۔ اب شہری بروقت اپنی منزل تک پہنچنے کے قابل ہو گئے ہیں، جو کسی بھی ترقی پذیر شہر کیلئے ایک بنیادی ضرورت ہے۔

مزید برآں، ٹرانسپورٹ کے مسائل جیسے رش، غیر منظم نظام اور زائد کرایوں میں بھی نمایاں کمی آئی ہے۔ اس سروس نے نہ صرف سفری اخراجات کو متوازن بنایا ہے بلکہ ایک منظم اور قابل اعتماد ٹرانسپورٹ نظام بھی متعارف کرایا ہے۔

عوامی حلقوں کی جانب سے اس اقدام کو بھرپور پذیرائی حاصل ہو رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت بلوچستان نے ایک دیرینہ مسئلے کے حل کیلئے عملی اور مؤثر قدم اٹھایا ہے، جو یقیناً قابل تحسین ہے۔ خاص طور پر خواتین اور طلبہ نے اس سروس کو ایک محفوظ اور باوقار ذریعہ سفر قرار دیا ہے۔

ماہرین کے مطابق اگر اس سروس کو مزید وسعت دی جائے اور نئے روٹس شامل کیے جائیں تو تربت میں ٹرانسپورٹ کا نظام مزید مستحکم ہو سکتا ہے، جس سے شہری ترقی کی رفتار بھی تیز ہوگی۔

آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ گرین بس سروس تربت کے عوام کیلئے ایک اہم اور مثبت پیش رفت ہے، جس نے نہ صرف سفری سہولیات کو بہتر بنایا بلکہ عوام کا حکومت پر اعتماد بھی بحال کیا ہے۔ اس منصوبے کا تسلسل اور مزید بہتری وقت کی اہم ضرورت ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated 26 MAR 2026 Page No. 31


# کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کب بنے گی؟


تحریر: امیر محمد کاکڑ


کراچی سے کوئٹہ کا سفر کرتے ہوئے انسان صرف فاصلے طے نہیں کرتا بلکہ ایک ایسی تلخ حقیقت سے بھی گزرتا ہے جو ہر باشعور شہری کو جھنجھوڑ کر رکھ دیتی ہے۔ جس سڑک کو ہم قومی شاہراہ کہتے ہیں، درحقیقت وہ ایک خونی راستہ بن چکی ہے۔ اس شاہراہ کا زیادہ حصہ پہاڑی علاقوں پر مشتمل ہے، جہاں چڑھائیاں، اترائیاں اور خطرناک موڑ ہر قدم پر مسافروں کا امتحان لیتے ہیں۔ راستے بھر جگہ جگہ بورڈز نظر آتے ہیں جن پر لکھا ہوتا ہے: آہستہ چلیں، آگے خطرناک موڑ ہے۔ یہ الفاظ محض وارننگ نہیں بلکہ ایک المیہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ دوسری طرف اگر ہم ملک کے دیگر صوبوں کی سڑکوں کو دیکھیں تو وہاں بورڈز پر لکھا ہوتا ہے: آہستہ چلیں، آگے آبادی ہے۔ گویا وہاں زندگی کی حفاظت کی بات کی جاتی ہے، جبکہ یہاں خطرے کی عکاسی کی جاتی ہے۔ یہ شاہراہ اس قدر خطرناک ہو چکی ہے کہ روزانہ اور ماہانہ بے شمار حادثات پیش آتے ہیں۔ ایک ہی سفر کے دوران کئی کئی ایکسیڈنٹس دیکھنے کو ملتے ہیں، جو اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ یہ مسئلہ محض اتفاق نہیں بلکہ ایک مستقل غفلت کا نتیجہ ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ حکومتِ بلوچستان کو شاید اپنا صوبہ سمجھا ہی نہیں جاتا۔ وزرائے اعظم آتے ہیں، جاتے ہیں، بڑے بڑے اعلانات کرتے ہیں، مگر عملی طور پر کچھ نہیں ہوتا۔ بارہا یہ کہا گیا کہ پٹرول اور ڈیزل سستا نہیں کر سکتے، لیکن بلوچستان کی قومی شاہراہ کو ڈبل ضرور کریں گے۔ مگر آج تک نہ اس پر عمل درآمد ہوا اور نہ ہی کسی سنجیدہ کوشش کے آثار نظر آئے۔ سابق نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے بھی بڑے دعوے کے ساتھ کہا تھا کہ وہ تین ماہ کے اندر اس سڑک کو ڈبل کر کے خود اس پر سفر کریں گے۔ مگر افسوس، اس اعلان کو بھی تین سال گزر چکے ہیں اور حالات جوں کے توں ہیں۔ آخر ہم کس کے سامنے فریاد کریں؟ کب تک اس ظلم پر خاموش رہیں؟ بلوچستان، جو قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، جہاں معدنیات، نباتات، گیس اور سونے کے وسیع ذخائر موجود ہیں وہی بلوچستان بنیادی سہولیات سے محروم کیوں ہے؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جس کا جواب نہ حکمران دیتے ہیں اور نہ ہی کوئی سننے والا نظر آتا ہے۔ یہ تحریر لکھتے ہوئے دل بوجھل ہو جاتا ہے اور آنکھیں نم ہو جاتی ہیں۔ بلوچستان کے عوام کب تک اس ناانصافی کا شکار رہیں گے؟ کب ان کی جان و مال کو تحفظ ملے گا؟ اور کب یہ خونی شاہراہ واقعی ایک محفوظ قومی شاہراہ بنے گی؟ یہ سوالات آج بھی جواب کے منتظر ہیں۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 26 MAR 2026 Page No. 32

# "بلوچستان من گھڑت بیانیے سے ترقی و خوشحالی کی حقیقت تک"



افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaqnuhz@gmail.com
facebook.com/naseemulhaqzahidi

بلوچستان کے حوالے سے ایک طویل عرصے تک ایک منفی اور من گھڑت بیانیہ تشکیل دیا جاتا رہا جس میں محرومیوں، ناانصافیوں اور پسماندگی کا ذکر کر کے بلوچ عوام کو ریاست کے خلاف گمراہ کیا جاتا رہا، حالانکہ ایسا کچھ نہیں۔ اس بیانیے کے ذریعے یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ بلوچستان کو جان بوجھ کر نظر انداز کیا گیا، یہاں کے وسائل سے فائدہ اٹھایا گیا مگر عوام کو ان کا حق نہیں دیا گیا، اور صوبے کو ترقی کے دھارے سے الگ رکھا گیا۔ اس تاثر کو بار بار دہرا کر ایک ایسی فضا قائم کی گئی جس میں بداعتمادی، شکوک و شبہات اور فاصلے پیدا ہوں، مگر حقیقت اس کے برعکس ہے۔ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جو قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور ثقافتی تنوع کے حوالے سے ایک منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ یہاں معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں، ساحلی پٹی عالمی تجارت کے لیے انتہائی موزوں ہے، جبکہ اس کی سرحدیں اسے علاقائی روابط کا ایک اہم مرکز بناتی ہیں۔ ان تمام عوامل کے باوجود اگر کسی دور میں ترقی کی رفتار سست رہی تو اس کے مختلف اسباب ہیں، جن میں ظالمانہ سرداری نظام اور ذاتی مفادات شامل تھے، مگر اسے دانستہ محرومی کا نام دینا درست نہیں۔ گزشتہ برسوں میں ریاست کی طرف سے اس تاثر کو ختم کرنے کے لیے جو اقدامات کیے گئے ہیں، وہ واضح طور پر اس بات کا ثبوت ہیں کہ بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہوں پر گامزن ہے۔ آج بلوچستان میں ترقی کا سفر کئی بڑے منصوبوں کی صورت میں نظر آتا ہے جنہوں نے نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کی معیشت کو ایک نئی سمت دی ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) اس سلسلے کا ایک اہم سنگ میل ہے جس کے ذریعے بلوچستان کو بین الاقوامی تجارت کے نقشے پر نمایاں مقام حاصل ہوا ہے۔ سی پیک کے تحت سڑکوں کا جال بچھایا گیا، مواصلاتی نظام کو بہتر بنایا گیا، اور ایسے انفراسٹرکچر کی بنیاد رکھی گئی جس نے دور دراز علاقوں کو مرکزی دھارے سے جوڑ دیا۔ اس سے نہ صرف لوگوں کی آمد و رفت آسان ہوئی بلکہ کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوا۔ گوادر پورٹ بلوچستان کی ترقی کا ایک اور روشن باب ہے جو آج ایک ابھرتے ہوئے تجارتی مرکز کے طور پر سامنے آ رہا ہے۔ گوادر کی بندرگاہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے اہمیت کی حامل ہے۔ اس کے ذریعے مشرق وسطی، وسطی ایشیا اور دیگر خطوں کے ساتھ تجارت کے نئے دروازے کھلے ہیں۔ گوادر میں جاری ترقیاتی منصوبے، فری زونز، اور بنیادی سہولیات کی فراہمی نے اس شہر کو ایک جدید بندرگاہی مرکز میں تبدیل کر دیا ہے جہاں مقامی افراد کے لیے روزگار کے بے شمار مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں۔ ریکوڈک مائننگ پروجیکٹ بلوچستان کی معدنی دولت کو بروئے کار لانے کی ایک بڑی مثال ہے۔ اس منصوبے کے تحت سونے اور تانبے کے وسیع ذخائر کو نکالنے اور استعمال میں لانے کا عمل جاری ہے اور یہ ملک کی معیشت کو مضبوط کر رہا ہے۔ بلوچستان میں معاشی و سماجی سرگرمیوں کو فروغ دے رہا ہے۔ اس منصوبے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوئے، انفراسٹرکچر کی بہتری آئی اور علاقے میں ترقی ہوئی۔ چاغی میں ہنر ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ، اسکولوں اور نوکنڈی جیسے پسماندہ علاقے میں جدید طبی سہولیات سے آراستہ انڈس ہسپتال کا قیام عمل میں لایا گیا۔ گرین انیشی ایٹو پاکستان اور خصوصی سرمایہ کاری کونسل (SIFC) کے تحت زراعت اور دیگر شعبوں میں بھی نمایاں پیش رفت ہو رہی ہے۔ بلوچستان میں زراعت کے وسیع امکانات موجود ہیں جنہیں جدید ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے ذریعے مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بھی بلوچستان میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ نئے تعلیمی اداروں کا قیام، اسکولوں اور کالجوں کی اپ گریڈیشن، اور طلبہ کے لیے مختلف سہولیات کی فراہمی اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ انسانی ترقی پر بھی بھرپور توجہ دی جا رہی ہے۔ صحت کے شعبے میں ہسپتالوں کی بہتری، جدید طبی سہولیات کی فراہمی، اور دور دراز علاقوں تک طبی خدمات کی رسائی نے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی پیدا کی ہے۔ سیکیورٹی کی صورتحال میں بہتری بھی بلوچستان کی ترقی میں ایک اہم عنصر رہی ہے۔ امن و امان کے قیام کے لیے کیے گئے اقدامات نے نہ صرف عوام کے اعتماد کو بحال کیا بلکہ سرمایہ کاروں کے لیے بھی ایک سازگار ماحول فراہم کیا۔ جب کسی علاقے میں امن قائم ہوتا ہے تو ترقی کے دروازے خود بخود کھل جاتے ہیں، اور بلوچستان میں یہی صورتحال دیکھنے میں آ رہی ہے۔ اس تمام ترقی کے باوجود منفی بیانیے کو فروغ دینے کی کوششیں اب بھی جاری ہیں، مگر حقائق اس کے برعکس ہیں۔ آج بلوچستان میں سڑکیں بن رہی ہیں، بندرگاہیں فعال ہو رہی ہیں، معدنی وسائل کو استعمال میں لایا جا رہا ہے، زراعت ترقی کر رہی ہے، اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری آ رہی ہے۔ یہ سب اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان اب ایک ایسے دور میں داخل ہو چکا ہے جہاں ترقی اور خوشحالی اس کی پہچان بن رہی ہے۔ بلوچستان کی موجودہ صورتحال اس بات کی غماز ہے کہ یہ صوبہ اب صرف وسائل کا مرکز نہیں بلکہ ایک فعال معاشی حب اور تجارتی مرکز بن چکا ہے۔ یہاں ہونے والی ترقی نہ صرف مقامی سطح پر اثر انداز ہو رہی ہے بلکہ قومی معیشت کو بھی مضبوط کر رہی ہے۔ آنے والے وقت میں یہ ترقی مزید تیز ہوگی اور بلوچستان پاکستان کی معیشت میں ایک مرکزی کردار ادا کرے گا۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ بلوچستان کے حوالے سے جو منفی بیانیہ ایک طویل عرصے تک پیش کیا جاتا رہا، وہ اب اپنی افادیت کھو چکا ہے، بلوچ عوام جان چکے ہیں کہ ان کو فتنہ الہندوستان کی پراکسی تنظیموں نے اپنے مفادات کے لیے استعمال کیا، ان کے بچوں کے ہاتھوں سے کتابیں چھین کے ہتھیار تھمائے گئے اور دہشت گردی کی آگ میں جھونک دیا گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان آج ترقی، استحکام اور خوشحالی کی ایک نئی داستان رقم کر رہا ہے، اور یہ سفر مسلسل جاری ہے۔